Securities and Exchange Commission of Pakistan

SECP

Press Release

August 1, 2019

For immediate release

ایس ای سی پی کی کاوشوں سے انشورنس ای ریپازٹری کے قیام کے لئے سینٹرل ڈیپازٹری اور انشورنس کمپنیوں کے مابین معاہدہ

کراچی (یکم اگست) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج ک کمیشن آف پاکستان کے ریگولیٹری دائرہ کار کے تحت، پاکستان میں انشورنس کی الیکٹرانک ریپازٹری کے قیام کے لئے سینٹرل ڈیپازتری کمپنی آف پاکستان اور لائف انشورنس کمپنیوں کے مابین میمورنڈم آف انڈرسٹینڈ نگ پر دستخط کئے گئے ہیں۔

ایس ای سی پی کی کاوشوں سے طے پائے گئے اس معاہدے سے پاکستان کی انشورنس انڈسٹری ڈیجیٹلائزیشن کے ایک نئے دور میں داخل ہو جائے گیٗ۔ اس معاہدے کے تحت سینترل ڈیپازٹری کمپنی میں ایک سینٹرل ڈیجیٹل انشورنس ریپازٹری قائم کی جائے گی جس میں ملک بھر کے انشورنس صارفین کی معلومات اور ڈیٹا دستیاب ہو گا۔ سینٹرل ای ریپازٹری میں لائف انشورنس اور فیملی تکافل پالیسی ہولڈروں کا ڈیٹا الیکٹرانک طریقے سے دستیاب ہو گا۔ الیکٹرانک ریپازٹری کے قیام سے شفافیت، مستعدی اور سہولت اور کاروباری آسانیوں کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انشورنس کمپنیوں کے اخراجات میں بھی کمی واقع ہو گی جبکہ انورنس کے صارفین کا تحفظ مستحکم ہو گا۔ علاوہ ازیں، ای ریپازٹری سے پالیسی کے دعوی کی اطلاع، صارفین کے مختلف مالی معاملات کی تصدیق و توثیق ہو سکے گی اور پالیسی کی انڈر رائٹنگ کی سہولت بھی دستیا ہو گی۔

ای ریپازٹری انشورنس سیکٹر کے لئے ریگولیٹری ٹیکنالوجی کے فرائض بھی انجام دے گی جس سے فائد اٹھاتے ہوئے انشورنس کمپنیاں انٹی منی لانڈرنگ کے حوالے سے اپنی ریگولیٹری کمپلائنس کو بہتر کر سکیں گی۔

اس موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی ملک میں انشورنس سیکٹر کی بہتری اور فروغ کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈیتا کے ایک مرکزی ڈیجیٹل سسٹم سے انشورنس کا شعبہ بین الاقوامی معیارات کے ہم پلہ ہو گا۔ انہوں نے زور دیا کہ ایس ای سی پی اور انشورنس کمپنیوں کو انڈسٹری کے فروغ کے لئے مل کر کام کرنا ہو گا۔ اس موقع پر موجود چیئرمین سینٹرل ڈیپازٹری کے چیئرمین نے اس معاہدے کو یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk